نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس کے دوران صوبہ پنجاب میں پیاز اور ٹماٹر کی سیزن اور آف سیزن کاشت اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے لیے مختلف تجاویز اور لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا

لاہور:20 ستمبر 2024: وزیر اعلی مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق حکومت پنجاب صوبہ میں پیاز اور ٹماٹر کی سیزن اور آف سیزن کاشت وفی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اور کسانوں کی آمدن بڑھانے کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ حکومت نے اس مقصد کے حصول کے لئے 6 ارب روپے کی مالیت سے ایک پائلٹ پراجیکٹ شروع کیا ہے جس کے تحت پیاز کی موسمی کاشت لودھراں، ملتان اور راجن پور کے اضلاع میں 9 ہزار ایکڑ رقبہ پر جبکہ بے موسمی کاشت کیلئے وہاڑی، خانیوال اور رحیم یار خان کے اضلاع میں 2500 ایکڑ رقبہ پر جبکہ ٹماٹر کی موسمی کاشت کے لیے مظفر گڑھ، رحیم یار خان اور شیخوپورہ کے اضلاع میں 3500 ایکڑ رقبہ پر اور بے موسمی کاشت کیلئے خوشاب، چکوال، راولپنڈی، جہلم اور ڈی جی خان کے اضلاع میں 2500 ایکڑ رقبہ پر 450 کسانوں کے 33 فارمر انٹرپرائز گروپ بنائے جائیں گے تاکہ سال کے تمام ایام میں صارفین کو سستی اور معیاری سبزیوں کی دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی شریک ہوئے

صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیاز اور ٹماٹر کی موسمی اور بے موسمی کاشت میں اضافہ اور بہتر پیداوار کے لیے کاشتکاروں کو سبسڈی پر جدید فارم مشینری، سولر سسٹم فراہم کئے جائیں گے۔ اس ضمن میں 12 سے 15 کسانوں پر مشتمل فارمر کا ایک گروپ کلسٹر تشکیل دیا جائے گا، فارمر انٹرپریز کے اس گروپ میں ہر ایک فارمر کی زمین کا رقبہ 25 ایکڑ سے کم ہو گا اور یہ مطلوبہ اہداف کے حصول کے لئے مل کر کام کریں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ فارمر فیلڈ سکول کے ذریعے کسانوں کی کیپسٹی بلڈنگ کی جائے گی جبکہ کوالٹی میں بہتری، کلائمیٹ سمارٹ ایگریکلچر پریکٹسز، ریجینریٹو ایگریکلچر اور پوسٹ ہاروسٹ پریکٹسز کے ذریعے فارمر انٹرپریز گروپ کی ٹیکنیکل ٹریننگ کا انتظام بھی کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت ویلیو ایڈیشن اور ویلیو چین کے ذریعے

کموڈیٹی کی بین الاقوامی مارکیٹ تک رسائی کو ممکن بنانا چاہتی ہے۔صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ پراجیکٹ کو کامیاب بنانے کے لیے فارمر گروپس کا ویلیو ایڈڈ انڈسٹری اور مقامی بزنس مین وانوسٹرز کا انٹر نیشنل مارکیٹ سے لنک ہونا وقت کا اہم تقاضا ہے۔ورلڈ بنک پیاز اور ٹماٹر کے سیڈ، نرسری پلانٹس، مشینری وزرعی آلات اور کولڈ سٹوریج کے لیے مالی سپورٹ فراہم کرے گا۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب بجلی سے چلنے والے 7 ہزار ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم پر منتقل کرنے کے لیے 50 فیصد سبسڈی فراہم کر رہی ہے۔اس موقع پر صوبائی وزیر سید عاشق حسین کرمانی نے پیاز اور ٹماٹر کی بے موسمی پیداوار بڑھانے کے لیے ٹیکنیکل گروپس تشکیل دینے کی ہدایت کی۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ اس پروجیکٹ کے تحت پیاز کی موسمی اور بے موسمی پیداوار میں 28500 ٹن پیداوار کا اضافہ ہوگا جبکہ ٹماٹر کی موسمی و بے موسمی پیداوار میں 39 ہزار ٹن کا اضافہ ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ اس منصوبے کے تحت کاشتکاروں کو پیاز اور ٹماٹر کی کاشت کی طرف راغب کرنے کے لیے فارمرز ٹریننگ پروگرام تشکیل دیئے جائیں گے اور اس کے علاوہ نمائشی پلاٹ لگائے جائیں گے۔

اجلاس میں کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی،ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید،ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ سروس ڈاکٹر عبدالقیوم،ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم،ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور ڈائریکٹر جنرل پامر اطارق بسرا سمیت دیگر افسران بھی شریک ہوئے۔

☆☆☆☆